قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔

مولانا ایک متبحر عالم دین تھے۔علم انھیں مستحضر تھا۔انتہائی سادہ، شگفتہ، ہنس مکھ اور بے تکلف طبیعت کے مالک تھے۔تقویٰ اُن کا اوڑھنا بچھونا تھا۔وسیع المطالعہ تھے لیکن علم نے اُن میں عجز وانکسار اور حلم ووقار پیدا کر دیا تھا۔اُن کے انتقال سے قحط الرجال میں اضافہ ہوا ہے۔پسماندگان میں پانچ بیٹے، چار بیٹیاں اور ایک بیوہ ہے۔حق تعالیٰ اُن کی مغفرت اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، جنرل سیکرٹری عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت اور دعاءِ مغفرت کی ہے۔

شیخ الحدیث مولانا شریف اللہ رحمتہ اللہ علیہ:

جید عالمِ دین، مفسر و محدث اور علمِ میراث کے ماہر تھے۔رحیم یار خان کی نواحی بستی مولویان میں پیدا ہوئے اور اسی بستی میں اپنے والد مولانا عبدالرحیم فاضل دارالعلوم دیوبند کے قائم کردہ مدرسہ شمس العلوم میں تعلیم حاصل کی۔ بعد میں رحیم یار خان میں مدرسہ قائم کیا۔حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ، جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاریؒ، ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاریؒ، اکابرِ احرار اور اکابر علماء دیوبند سے گہری عقیدت و محبت تھی۔ابناء امیر شریعت مجلس احرار اسلام کے سالانہ تبلیغی جلسوں میں خطاب کے لیے رحیم یار خان تشریف لاتے تو بستی مولویان میں ہی قیام ہوتا۔مولانا شریف اللہ اُن سے ملنے ضرور تشریف لاتے۔سرپرستی اور دعاؤں سے نوازتے۔۲۷ر رجب ۱۴۳۱ھ مطابق ۱۰ر جولائی ۲۰۱۰ء کو انتقال فرما گئے۔حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، دینی خدمات وحسنات قبول فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔(آمین) ابن امیر شریعت، قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اور دیگر احرار رہنماؤں نے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مولانا کی مغفرت اور بلندئ درجات کی دعا کی ہے۔

مولانا قاضی عبدالحلیم رحمتہ اللہ علیہ:

حضرت مولانا قاضی عبدالکریم (کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان) کے فرزند ارجمند اور دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے فاضل تھے۔مئی ۲۰۱۰ء میں انتقال فرما گئے۔مرحوم ایک علمی دینی گھرانے میں پیدا ہوئے۔علم دین وراثت میں ملا۔تمام عمر تدریس وتعلیم دین میں صرف کی۔اُن کے اچانک انتقال سے جہاں اُن کے خاندان کو شدید صدمہ پہنچا وہاں حلقۂ علماء میں ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا۔اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت اور دینی خدمات قبول فرما کر حسنِ آخرت کا معاملہ فرمائے۔(آمین)

مولانا قاضی عبداللطیف رحمتہ اللہ علیہ:

جیّد عالمِ دین، مدرس، خطیب اور سیاسی رہنما مولانا سمیع الحق مدظلہ کی جمعیت علماء اسلام کے سرگرم قائد ورہنما تھے۔متعدد بار پارلیمنٹ کے رکن منتخب ہوئے۔اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن رہے۔سینٹ میں معروف شریعت بل پیش کیا۔کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان سے پرچمِ اسلام لے کر اٹھے اور ایوانِ اقتدار میں پہنچے۔پاکستان میں نفاذِ اسلام کی